# ایران کی اسلامی تحریکِ رستاخیز

ایران کی حالیہ تحریکِ رستاخیز تاریخ کا ایک توجہ کش باب ہے۔

اِس تحریک کی قیادت آیت اللہ خمینی ملک سے صدہا میل دُور بیٹھ کر کر رہے ہیں، اور علامہ خمینی اور اُن کے ہم فکر علماء نے بادشاہی استبداد کے خلاف اُٹھنے والے عوامی ردِّ عمل کے سیلاب کو اسلامی انقلاب کے رُخ پر ڈال کر بڑا اہم کارنامہ انجام دیا ہے۔

ایران جس انتہائی شدید مدّوجزر سے گزر رہا ہے، اس کے موج و گرداب کا تماشا ہم قریب سے نہیں کر سکتے۔ اِس وجہ سے ہلکی سی یہ تشویش باقی رہتی ہے کہ ہمسایہ سوشلسٹ مملکت جو عالمی شکارگاہ میں مشرق و مغرب کی کئی قوموں کو بستۂ فتراک کر چکی ہے، وہ ایران کے بحرانی حالات سے ناجائز فائدہ نہ اُٹھا لے جائے۔ سُرخ شکاریوں کا طریقِ واردات یہ ہے کہ وہ ہر قوم کے اندر سے "ہانکا کرنے والے" ایجنٹ تلاش کرتی ہے، پھر اُن کی پرورش کرتی ہے، انہیں انقلابی سازش و تخریب کا فن سکھاتی ہے، اُن کو کام کرنے کی "لائسنز" دیتی ہے، اور انہی کے ذریعے کسی قوم کے قلعے میں نقب زنی کرا کے اُس میں آگے آگے مقامی سپاہیانِ انقلاب کو داخل کراتی ہے، اور پیچھے پیچھے باہر سے فرستادہ قوتوں کو پہنچا دیتی ہے۔ پھر ایک ہی ملک اور ایک ہی دین کے وابستگان کو لڑا دیتی ہے اور جب خون کی ندیاں بہ جاتی ہیں اور لاشوں کے ڈھیر لگ جاتے ہیں تو اعلان ہوتا ہے کہ عوام نے سُرخ انقلاب برپا کر دیا۔ بحرانوں کی دھواں دھاری میں اختلاف کے رخنوں سے دوسرے معاشروں میں داخل ہونے والے اس جدید سامراج کے متعلق اُن تجربات کی وجہ سے تشویش ہوتی ہے جو حال ہی میں بعض مُسلم علاقوں میں پیش آ چکے ہیں۔

لیکن خمینی اور اُن کے ہم مسلک علماء نے ہجومات عوام کی سیلاب جوش و خروش پر بڑے ہوش سے قابو حاصل کر لیا ہے۔ اور حیرت ہے کہ پہلے سے حالات کو انضباط میں رکھنے والی کسی منظم جماعت کے نہ ہونے ہوئے اتنا انضباط کیسے ہے کہ خمینی کا اشارہ ہوتا ہے تو ہڑتال یا مظاہرہ ہو جاتا ہے، اُس کی زبان سے ایک کلمہ صادر ہوتا ہے تو مظاہرین قدم روک لیتے ہیں اور پُرامن ہو جاتے ہیں۔ وہ جس چیز کو نامنظور کر دیتا ہے، اسلامی تحریک رستاخیز کا ہر فرد اُسے مسترد کر دیتا ہے، وہ جسے مطلوب قرار دیتا ہے، اُسے سارا ایران پسند کرنے لگتا ہے۔ ایران کی تاریخ میں شاید اتنی بڑی تحریک کا، اور ایسی مؤثر قیادت کا پہلا موقع آیا ہے۔

تحریک کے سیلابی ظہور اور اُس کے ایسے انضباط اور اُس کی مستحکم قیادت کو دیکھ کر ہزار اندیشوں کے باوجود کہا جاسکتا ہے کہ اب شاید بادشاہت کا سفینہ دوبارہ سطح پر اُبھر نہ سکے گا۔

**عوام کے ردِّ عمل کی مثبت شکل** شہنشاہیت کے مظالم، اس کی مغرب پرستی، مے و قمار اور رقص و سرود اور عریانی و فحاشی کے لیے اس کی مساعی فروغ، دَورِ آتش پرستی کے قدیم ایران اور سائرس کے لیے اس کی عقیدت، اُس کی اسرائیل نوازی اور امریکہ سے نیازمندانہ وابستگی کی وجہ سے ردِّ عمل کا جولا و اعوام میں پکتا رہا تھا، اُسے سامنے آنے سے پہلے بھی اور اس کے مظاہراتی سطح پر آنے کے بعد بھی کوئی کج فکر قوت موقع پاتی تو کسی بھی طرف لے جاسکتی تھی۔

خمینی اور اُن کے ہم مسلک علماء کا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے ابتداء ہی سے اس گرم گرم لاوے کے تیز و تند ریلے کا رُخ اسلام کے منشاء کے مطابق موڑ دیا۔

خمینی کا دوسرا بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے شیعی دُنیا کو ایک ایسا طرزِ فکر دیا جس سے ہمارے شیعہ بھائیوں کی تاریخ اب تک خالی رہی ہے۔ سب جانتے ہیں کہ شیعی نقطۂ نظر یہ ہے کہ اسلامی حکومت کا قیام صرف امامِ منتظر کے ہاتھوں ہوتا ہے۔ لہٰذا بیچ کے دور میں سیاسی لحاظ سے اُن کی کوئی ذمہ داریاں نہیں ہیں۔ جو بھی حکومت جس بھی شکل میں اور جن بھی لوگوں کے ذریعے چلتی رہے، انہیں گوارا ہے[1]۔

---

[1] یہی وجہ ہے کہ شیعہ حضرات کے ہاں بڑی آسانی سے حکومت اور انقلاب کے غیر اسلامی نظریات کو جگہ ملتی رہی ہے۔ ان کے ہاں چونکہ سیاسی و اجتماعی لحاظ سے ذہنی خلا ہے، اس بنا پر (باقی بر صفحہ آئندہ)

